لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۰	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۷ مئی سنہ ۱۹۲۶ء	جلد ۳۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری الاؤنس پروفیسر صاحب فارسی و مدرس دوم [illegible]	۱ و ۲
۲	جرمانہ [illegible]	۲ و ۳
۳	برخاستگی مدرس اول [illegible] و سید مصطفیٰ حسین	۳
۴	انتظام سلسلہ رخصت [illegible]	۴
۵	رخصت [illegible]	۴
۶	تبادلہ چند مدرسان [illegible]	۴
۷	برخاستگی مدرس اول [illegible]	۴
۸	معطلی مدرس [illegible]	۴
۹	[illegible]	۵
۱۰	رخصت سید [illegible]	۵
۱۱	[illegible]	۵
۱۲	تقرری [illegible]	۵
۱۳	اجازہ [illegible]	۵
۱۴	اضافہ [illegible]	۶
۱۵	نقشہ [illegible]	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۸ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب صراحت مندرجہ رپورٹ پروفیسر فارسی کو تیس روپیہ ماہانہ الاؤنس اور مدرس دوم کو بیس روپیہ ماہانہ الاؤنس صرف اسی سال کے نئے دو دو ماہ تک اور نیاز محمد خان مدرس کو دس روپیہ ماہوار الاؤنس ۱۲ اپریل ۱۹۲۶ء سے ۱۵ فروری ۱۹۲۷ء تک دیا جانا منظور ہوا۔ کاغذ بغرض اجرای احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض میر جانہ

جناب عالی

امسال بجائے امتحانات عربی و فارسی پنجاب یونیورسٹی امتحانات عربی و فارسی الہ آباد مدرسہ عالیہ مین جاری کئے گئے ہین - اس تبدیلی سے امسال یہ دشواری پیش آئی ہے کہ امتحانات پنجاب یونیورسٹی مئی مین ہوتے ہین اور اُسکے بعد مدرسین کو دو ماہ کی تعطیل سالانہ ملتی رہی ہے - لہذا اس اعتبار سے پروفیسر فارسی اور مدرس دوم فارسی کو آخر جولائی مین کام پر آنا چاہئے تھا - لیکن چونکہ امتحانات الہ آباد کی خواندگی اپریل سے شروع ہوتی ہے - لہذا اگر ان مدرسین کی تعطیل کو ملحوظ رکھا جائیگا تو تین ماہ سے زیادہ مدت تک طلبا کی خواندگی مین ناقابل تلافی ہرج ہوگا - دوسرے یہ کہ امتحان منشی الہ آباد مین حساب و جغرافیہ بھی لازم ہے چونکہ اس سے قبل باقاعدہ انتظام درجات فارسی مین حساب و جغرافیہ کا نہ تھا اس لئے جو طلبا امسال درجۂ منشی مین آئے ہین وہ حساب و جغرافیہ مین یقیناً کامیاب نہ ہوین گے - ان امور کی اصلاح کی یہ صورت تجویز کی گئی ہے کہ امسال پروفیسر فارسی اور مدرس دوم کو تعطیل سالانہ نہ دیجاتے اور اسکے معاوضہ مین دو ماہ تک پروفیسر کو تیس روپیہ ماہوار اور مدرس دوم کو بیس روپیہ ماہوار الاونس دیا جائے اور نیاز محمد خان مدرس دوم ریاضی درجۂ منشی اور درجۂ ابتدائی سال چہارم کے طلبا کو غیر وقت پر مدرسہ مین حاضر ہوکر جغرافیہ و حساب کی تکمیل کرائے اور اُسکے معاوضہ مین ۱۰ اپریل ۱۹۲۶ء سے ۱۵ فروری ۱۹۲۶ء تک نامبردہ کو دس روپیہ ماہوار الاونس دیا جائے - یہ انتظام صرف اسی سال کے لئے ہے آیندہ اسکی ضرورت نہ ہوگی - لہذا بامید منظوری تجویز مذکور عرضداشت ہذا ارسال اجلاس ہمایون ہے -

دولت و اقبال جاوید باد

[illegible]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون تقرر الاونس پروفیسر فارسی و مدرس دوم فارسی و مدرس دوم ریاضی کے احکام ضابطہ جاری ہون - پروفیسر فارسی اور مدرس دوم فارسی کو الاونس اُس تاریخ سے ملیگا - جس تاریخ سے وہ مستحق تعطیل سالانہ ہونگے - لہذا مدرسۂ عالیہ سے رپورٹ آنا چاہئے - کہ ان ہر دو مدرسین کو کس تاریخ سے استحقاق تعطیل ہوگا - المرقوم ۱۰ مئی ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب یونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۹ مئی ۱۹۲۶ء

حسب سفارش حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر رخصت پچیس یوم محمد ابراہیم خان معاون بدل ظل زمان بوحش اسداللہ خان امید وار منظور شدہ ۹ مئی ۱۹۲۶ء سے منظور کیگئی -

دستخط صاحب یونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۳ مئی ۱۹۲۶ء

اثنائے پیشی نگرانی ویبی دیال بنام عبدالرزاق خان بمقدمہ دفعہ (۵۰۰) تعزیرات ہند مین معلوم ہوا کہ نقل فیصلہ مورخہ ۱۱ جنوری ۱۹۲۶ء کی پشت پر تاریخ تیاری و حوالگی نقل دونون کو بجائے ۸ و ۱۵ کے ۱۵ اور ۲۵ بنایا گیا ہے اور چونکہ حوالگی ۱۵ فروری کے اعتبار سے نگرانی میعاد مین ہوتی اور ۲۵ فروری کے اعتبار سے بیرون میعاد ہونے لہذا یہ معاملہ سخت مشتبہ ہے اس شبہ کو تقویت اس سے بھی ہوئی کہ رجسٹر نقل مین بھی ان تاریخون کو اسی طرح بنا لگیا ہے اور رسید بہی مین بذریعہ جسکے محافظخانہ مین فارم داخل ہوئے ہین نمبر ۱۴۱ اسیطرح سے ۲۵ فروری بنائی ہوئی ہے - اور اگرچہ نمبر مذکور اس فارم کا پتہ نہین ہے لیکن فہرست مثل مقدمہ سے ظاہر ہے کہ یہ فارم اور دوسرا فارم جسکا رسید بہی مین پتہ ہے ایک ہی حکم سے یکجائی داخل محافظخانہ ہوئے اور یہ تاریخ حکم بھی اسیطرح بدلی ہوئی ہے حالانکہ فہرست مذکور مین تاریخ حکم ۲۲ فروری درج ہے جسکے مطابق حوالگی ۲۲ سے پہلے کی ہونا چاہئے ان حالات مین تصنیع کا سخت شبہ ہے اور بادی النظر مین تاریخین بگاڑ کر دوبارہ بنائی ہوئی ہین - سید محمد نبی نقل نویس سے جواب طلب کیا گیا تو اسکو بھی تسلیم ہے کہ اصل تاریخین ۸ و ۱۵ تھین اور کسی نے تصنیع کیا ہے - اس سے مزید تصدیق شبہ کی ہوتی ہے - ان حالات مین محمد نبی مذکور اور ویبی دیال وکیل حاصل کنندۂ نقل پیش کنندۂ نگرانی دونون قابل مواخذہ ہین - سید محمد نبی یا تو اس تصنیع مین شریک تھا یا اُسکی سخت غفلت ہے کیونکہ ہر نقل نویس اپنے رجسٹر کا ذمہ دار ہے - اگرچہ معاملہ سنگین ہے لیکن سید محمد نبی کی دیرینہ ملازمت اور اُسکی تاریخین نہ چھپانے اور اُسکے گذشتہ اچھے چال چلن ان سب امور پر لحاظ کرکے معقول جرمانہ پر اکتفا کیا جاتا ہے - رہا ویبی دیال چونکہ اسی ہی کی طرف شبہ تصنیع کا پیدا ہوتا ہے

اسکی بابتہ اسکا بھی تدارک ضرور ہے - لہذا

حکم ہے کہ

محمد نبی نقلنویس پر ستر روپیہ جرمانہ کیا جائے جو اسکی آیندہ تین تنخواہوں سے باقساط وصول کیا جائیگا - وہی دیال کو نوٹس دیا جائے کہ کیوں اسکی سند بوجہ خلاف پیشہ حرکت کرنے کے ضبط نہ کیجائے - اور تا حکم ثانی وہی دیال وکیل وکالت سے معطل رہے - ایک نقل اس حکم کی سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس کو بتوسط اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مرسل ہو کہ اگر مقدمہ فوجداری بھی وہی دیال پر چلسکتا ہو تو چلایا جائے - احکام ضابطہ حسب صراحت بالا جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی و تقرر

۵ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

بوجہ خرابی حالت تعلیم عزیز شاہ خان مدرس اول و ولایت حسین خان مدرس دوم مدرسہ پل پختہ برخاست کئے گئے - اور محمد ولی خان ولد نبو خان ساکن بریلی ٹریننگ پاس کا تقرر بہ تنخواہ پندرہ روپیہ ماہوار مدرسی اول پر اور منشی سید مصطفی حسین منشی عالم کا تقرر بہ تنخواہ بارہ روپیہ ماہوار مدرسی دوم مدرسہ پل پختہ پر امتحاناً چھ چھ ماہ کے واسطے کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۶ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بدرالدین مدرس کیمری کی رخصت ۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے ۱۲ جون سنہ ۱۹۲۶ء تک بوضع تنخواہ منظور کی گئی - اور مدرسہ کیمری میں اقدس حسین مدرس کھاتہ تحصیل ملک تنخواہ دار گیارہ روپیہ ماہوار کا تبادلہ کیا گیا - اور بجائے اقدس حسین مدرسہ کھاتہ میں عبد الاحد خان مدرس نرپت نگر تحصیل سوار تنخواہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کا تبادلہ کیا گیا - اور انسپکٹر صاحب مدارس کو لکھا گیا کہ مدرسہ نرپت نگر کے لئے جلد کسی امیدوار کا نام پیش کریں - بدرالدین کو بعد واپسی از رخصت کوئی دوسری جگہ دیجائیگی

لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۶ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

سید علی مدرس اول اور تسخیر احمد مدرس دوم مدرسہ راجدوارہ کی رخصت ۱۳ روز ۸ مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے بعوض منظور کی گئی - سید علی مدرس اول کے عوض مولوی غلام حضرت خان اور تسخیر احمد مدرس دوم کے عوض رام رکشپال رہینگے لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۶ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس محمد شفیع مدرس میران پور تحصیل سوار کا تبادلہ مدرسہ دھنوری تحصیل ٹانڈہ میں اور ٹیکا رام مدرس دھنوری کا تبادلہ مدرسہ چیپرا تحصیل سوار میں اور حیدر علی مدرس چیپرا کا تبادلہ میرانپور میں کیا گیا

لہذا حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۹ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

بقصور غیر حاضری و غلط پیش کرنے درخواست رخصت اور اچھا نہ ہونے کام سید علی مدرس اول مدرسہ راجدوارہ ۹ مئی سنہ ۱۹۲۶ء سے برخاست کئے گئے اور مولوی غلام حضرت خان تا حکم ثانی مدرس مذکور کی جگہ کام کرینگے - اور پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ پائینگے - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

معطلی

۱۰ مئی ۱۹۲۶ء

عشاق احمد پٹیل تنز بار پرگنہ حضور تحصیل ۱۰ اپریل ۱۹۲۶ء سے بقصور غیر حاضری معطل کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۰ مئی ۱۹۲۶ء

بابو رام ولد بہاری لال ساکن شاہی ضلع بریلی کا تقرر مدرسہ گودہی تحصیل بلاسپور میں مبلغ گیارہ روپیہ ماہوار تنخواہ پر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۷ مئی ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ نائب منصرم کتب خانہ معہ ۃ صاحب کنٹرولر آف ہاؤس ہولڈ در بارہ منظوری رخصت مزید چھ ماہ سید محمد نور محرر مشاہرہ دار بعوض سید خلیل احمد پنشن من ابتدائے یکم مئی ۱۹۲۶ء لغایت اکتوبر سنہ الیہ

حکم

رخصت چھ ماہ حسب رائے صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ بعوض سید خلیل احمد منظور ہے۔ احکام ضابطہ محکمہ صدر سے جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

عارضی تقرر

۲۸ اپریل ۱۹۲۶ء

مشمولہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ مویشی خانہ جات بابت تقرری مسمی عبداللطیف خان ولد عبدالجبار خان امیدوار بجائے امداد حسین خان محرر برخاست شدہ مویشی خانہ ٹانڈہ

حکم

صاحب سپرنٹنڈنٹ مویشی خانہ جات کی تحریر بابت تقرر عبداللطیف خان امیدوار بجائے امداد حسین خان برخاست شدہ ملاحظہ ہوئی۔ چونکہ ہیئت فیکٹریز کا ٹھیک ہو گیا ہے اور وہاں تخفیف کا مسئلہ درپیش ہے اگر وہاں تخفیف ہوئی تو ان خالی جگہوں پر سب سے اول وہ لوگ بحال کئے جائیں گے سردست عبداللطیف خان امیدوار کا تقرر عارضی طور پر بشاہرہ دس روپیہ ماہوار بجائے امداد حسین خان محرر کا تا نتیجہ تفتیش منظور کیا جاتا ہے لیکن اگر ہیئت فیکٹریز کے ملازمان تخفیف ہو گئے تو یہ شخص علیحدہ کر دیا جائیگا۔ اور ہیئت فیکٹریز کا کوئی شخص تخفیف شدہ اس جگہ ملازم رکھا جائیگا حسب صراحت صدر احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

تقرر

۶ مئی ۱۹۲۶ء

مثبتہ اطلاع تقرری مسمی مسعود شاہ امیدوار بشاہرہ نو روپیہ ماہوار بجائے لیاقت علی محرر موقوف شدہ مویشی خانہ کمیری امتحاناً حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ مویشی خانہ جات

حکم

حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب مویشی خانہ جات مسمی مسعود شاہ امیدوار کا تقرر بشاہرہ نو روپیہ ماہوار بجائے لیاقت علی محرر موقوف شدہ کمیری مویشی خانہ کمیری پر امتحاناً منظور کیا جاتا ہے بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

احکام اجلاس صاحب فنانشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۳ مئی ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ در بارہ اضافہ تنخواہ صابر علیخان اہلمد آڈٹ بوجہ حسن انجام دہی کار متعلقہ۔

حکم

حسب سفارش ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ صابر علیخان کی تنخواہ موجودہ پر پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فنانشل سکریٹری بہادر

۱۲ مئی ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر دیوان صاحب صدر در بارہ منظوری اضافہ مبلغ دو روپیہ سے انوار حسین خان معاون اہلمد خزانہ بوجہ قلت تنخواہ حسن انجام دہی خدمت

حکم

دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ بغرض اجرائے احکام محکمہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فنانشل سکریٹری بہادر

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۱ مئی لغایت ۱۷ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
	۰۶ ار	۰۶ ار	۷ ار	۰۶ ار	۰۶ ار	۰۶ ار	گندم
	۰۸ ار	۰۸ ار	۹ ار	۹ ار	۹ ار	۸ ار	نخود خالص
	۹ ار	۰۹ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۰۸ ار	نخود کسہ آمیز
	۰۹ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۹ ار	کسر
	۵ ار	۰	۰۵ ار	۰	۰۵ ار	۰۵ ار	ماش
	۴ ار	۰	۰	۰	۰	۰۳ ار	مونگ
	۶ ار	۰		۰	۰	۸ ار	مکا
	۱۰ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۱ ار	۰	۱۰ ار	جئی
	۰۷ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	۰	۹ ار	گوجئی
	۰۶ ار	۷ ار	۸ ار	۰۷ ار	۰۶ ار	۰۶ ار	عدس
	۰۷ ار	۰۸ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۸ ار	۷ ار	ارہر
	۰۴ ار	۰۴ ار	۰۴ ار	۰۴ ار	۰۴ ار	۴ ار	برنج اجنا
	۳ ار	۰ ار	۰ ار	۰ ار	۰ ار	۷ چھٹانک	روغن زرد
	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	روغن سیاہ
	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	روغن کنجد
	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	نمک سانبھر
	۸ ار	۰	۵ ار	۶ ار	۸ ار	۶ ار	نمک لاہوری
	۴ ار	۰۴ ار	۰۴ ار	۴ ار	۴ ار	۴ ار	قند سیاہ
	۶ ار	۰	۰	۰	۰	۶ ار	باجرہ